جدید نصاب کے عین مطابق

ٹیچر گائیڈ

مہران

# راہِ گلزارِ اُردو

پہلی جماعت کے لیے




پراجیکٹ ڈائریکٹر: غلام شبیر عطاری

مصنف: محمد سلیم قادری / زوہیب احمد خان

نظرثانی: شیخ ندیم تصوّر

پروڈکشن مینجر: محمد شاہد

تزئین کار: موٹف کرایٹرز



پبلشرز: زمزم پبلیکیشن کراچی پاکستان

سبق نمبر: 1

# حروفِ تہجی

ا آ ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ء ی ے

## دو چشمی حروفِ تہجی

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ

کھ گھ لھ مھ نھ

حروفِ تہجی کی ترتیب درست کریں۔

ب پھ ٹ آ پ تھ ٹھ ث ا بھ ت

ڈھ ح دھ ڈ چھ جھ چ ذ خ ج د

ش ط ض ژ ڑ ص ع ز س ظ ر

کھ ق لھ ف گھ غ گ م مھ ک ل

نھ و مھ ی م ہ ے ن ء

درست حروفِ تہجی سے خالی جگہیں پر کریں۔

ا آ ب بھ پ پھ ت تھ ٹ ٹھ ث

ج جھ چ چھ ح خ د دھ ڈ ڈھ ذ

ر ڑ ز ژ س ش ص ض ط ظ ع

غ ف ق ک کھ گ گھ ل لھ م نھ

ن نھ و ہ ء ی ے

---

سبق نمبر: 2

# ذخیرۂ الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | انگور، انڈا، انار، اچار، اونٹ | ث | ثمر، ثابت، ثلث، ثواب |
| آ | آم، آلو، آنکھ، آگ، آپ | ج | جہاز، جوتا، جگ، جاڑا، جشن |
| ب | بکری، بطخ، بالٹی، برف، بادام | جھ | جھنڈا، جھولا، جھاڑو، جھنڈ، جھوم |
| بھ | بھیڑ، بھالو، بھٹہ، بھاپ، بھیڑیا | چ | چوزہ، چڑیا، چاقو، چوہا، چاند |
| پ | پتنگ، پپیتا، پیاز، پشتہ، پرندہ | چھ | چھتری، چھری، چھت، چھاؤں |
| پھ | پھل، پھول، پھوپھی، پھوپھا | ح | حویلی، حج، حقہ، حلوہ، حبشی |

| | |
|---|---|
| ت | تالا، تتلی، تخت، تصویر، تقریر |
| تھ | تھیلا، تھال، تھوک، تھام، تھالی |
| ٹ | ٹب، ٹماٹر، ٹوپی، ٹڈی، ٹی وی |
| ٹھ | ٹھیلا، ٹھپہ، ٹھاٹھ، ٹھیک، ٹھنڈ |
| ڈھ | ڈھول، ڈھکن، ڈھال |
| ذ | ذخیرہ، ذات، ذرات، ذائقہ |
| ر | ربڑ، ریل، رات، روپے، راستہ |
| ڑ | لڑکا، جاڑا، پہاڑ، گاڑی، گھوڑا |
| ز | زیبرا، زیور، زرخیز، زرافہ، زخم |
| ژ | ژالہ، ٹیلی ویژن، اژدہا، اُژدہام |
| س | سیب، سورج، سینگ، سرخ، سفید |
| ش | شاخ، شیر، شلجم، شوربہ، شربت |
| ص | صراحی، صابن، صبر، صوم، صبح |
| خ | خرگوش، خون، خواب، خادم، خط |
| د | دوات، دادا، دانت، دُم، دال |
| دھ | دھوبی، دھوپ، دھوم، دھاگا |
| ڈ | ڈاکٹر، ڈول، ڈنڈا، ڈرم |
| ط | طاقت، طوطا، طلب، طبلچہ، طباق |
| ظ | ظروف، ظلم، ظاہر، ظرف، ظفر |
| ع | عقاب، عینک، علم، عادت، عقل |
| غ | غسل، غبارہ، غار، غائب، غلاف |
| ف | فوجی، فرش، فوارہ، فقیر، فالودہ |
| ق | قرآن، قلم، قریب، قلفی، قالین |
| ک | کتاب، کتا، کان، کاغذ، کیک |
| کھ | کھجور، کھانا، کھلونا، کھیر، کھچڑی |
| گ | گلاب، گڑیا، گائے، گلشن، گاگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ض | ضرب، ضعیف، ضخیم، ضامن | گھ | گھڑی، گھڑا، گھوڑا، گھاؤ، گھوم |
| ل | لٹو، لوٹا، لیموں، لوہار، لوکاٹ | ہ | ہاتھی، ہرن، ہونٹ، ہلکا، ہیرا |
| م | مرغی، مچھلی، مور، مالی، مالٹا | ء | گائے، چائے، سائیکل، چائنہ |
| ن | ناشپاتی، نارنگی، نلکا، ناخن، نیولا | ی | یکہ، یحییٰ، یخنی، یاسین، یلغار |
| و | وضو، ورق، واقعہ، وحید، والد | ے | یمن، یونان، یامین، یوحنا، یروشلم |

''ب'' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیں۔

1 بکری 2 بطخ 3 بالٹی 4 برف 5 بادام

''ج'' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیں۔

1 جہاز 2 جگ 3 جوتا 4 جاڑا 5 جشن

''د'' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیں۔

1 دوات 2 دادا 3 دانت 4 دم 5 دال

''ش'' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیں۔

1 شاخ 2 شیر 3 شلجم 4 شربت 5 شوربہ

''ی'' سے شروع ہونے والے پانچ الفاظ لکھیں۔



1 یکہ 2 یحیی 3 یخنی 4 یاسین 5 یلغار



سبق نمبر: 3

# حروف جوڑ کر لفظ بنانا

## حل مشقی سوالات

تصویر دیکھ کر خالی خانے میں درست اور مکمل لفظ لکھیں۔

| تصویر | حروف | لفظ |
|---|---|---|
|  | م ر غ ی | مرغی |
|  | س ے ب | سیب |
|  | ب ط خ | بطخ |
|  | ہ ا تھ ی | ہاتھی |
|  | ع ق ا ب | عقاب |
|  | ب ک ر ی | بکری |

| تصویر | حروف | لفظ |
|---|---|---|
|  | ز ے ب ر ا | زیبرا |
|  | ڈ و ل | ڈول |
|  | د ر و ا ز ہ | دروازہ |
|  | چ و ز ہ | چوزہ |
|  | ٹ و ک ر ی | ٹوکری |
|  | ک ب و ت ر | کبوتر |

سبق نمبر: 4

# حمد باری تعالیٰ

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

1. یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟

جواب: یہ دنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔

2. دنیا میں پھول کس نے کھلائے ہیں؟

جواب: دنیا میں پھول اللہ تعالیٰ نے کھلائے ہیں۔

3. چانداور تارے بنانے والا کون ہے؟

جواب: چانداور تارے بنانے والا اللہ تعالیٰ ہے

4. سب کو زندگی دینے والا کون ہے؟

جواب: سب کو زندگی دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

مثال کے مطابق الفاظ کی جمع لکھیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| تارا | تارے | ہمارا | ہمارے | سارا | سارے |
| مارا | مارے | تالا | تالے | جالا | جالے |

خالی جگہیں پر کریں۔

1. جس نے بنائی دنیا
2. گلشن کھلائے جس نے
3. یہ چانداور تارے
4. مجھ کو بھی زندگی دی

اس حمد میں دو اشعار اپنی کاپی پر خوش خط لکھیں۔

1. جس نے بنائی دنیا — جس نے بسائی دنیا
2. جس نے بنائے سارے — یہ چانداور تارے

سبق نمبر: 5

# اللہ تعالیٰ

## حل مشقی سوالات

ان سوالات کے جوابات دیں۔

1. اس کائنات کا خالق اور مالک کون ہے؟

جواب: اس کائنات کا خالق اور مالک اللہ ہے۔

2. ہمارے پیارے نبی کا کیا نام ہے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔

3. قرآن مجید کس کی کتاب ہے؟

جواب: قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

4. قرآن مجید پڑھنے سے کیا ملتا ہے؟ جواب: قرآن مجید پڑھنے سے ثواب ملتا ہے۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. اس کائنات کی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔
2. ہمیں چاہیے کہ ہم صرف اللہ تعالیٰ کو اپنا رب مانیں۔
3. اللہ نے ہماری ہدایت کے لیے اس دنیا میں نبیوں کو بھیجا۔
4. قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔
5. ہمیں چاہیے کہ ہم قرآن کی تعلیم حاصل کریں۔

حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیے۔

| حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
|---|---|---|---|
| خ ا ل ق | خالق | م ا ل ک | مالک |
| ہ د ا ی ت | ہدایت | ت ع ل ی م | تعلیم |

سبق نمبر: 6

# میں کون ہوں؟

## حل مشقی سوالات

### ان سوالات کے جوابات دیں۔

1. رضا کتنے سال کا ہے؟

جواب: رضا پانچ سال کا ہے۔

2. رضا کون سی جماعت میں پڑھتا ہے؟

جواب: رضا پہلی جماعت میں پڑھتا ہے۔

3. رضا روزانہ کہاں جاتا ہے؟

جواب: رضا روزانہ اسکول جاتا ہے۔

4. رضا کی بہن کا نام کیا ہے؟

جواب: رضا کی بہن کا نام کرن ہے۔

5. کرن کس چیز سے کھیلتی ہے؟

جواب: کرن گڑیا کے ساتھ کھیلتی ہے۔

### خالی جگہیں پر کریں۔

1. میرا نام رضا ہے۔
2. میں اردو کی کتاب پڑھتا ہوں۔
3. کرن اپنی گڑیا سے کھیلتی ہے۔
4. کرن کے پاس بہت سے کھلونے ہیں۔

### حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیے۔

| حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
|---|---|---|---|
| پ ا ن چ | پانچ | ج م ا ع ت | جماعت |
| ک ت ا ب | کتاب | گ ڑ ی ا | گڑیا |

سبق نمبر: 7

# صفائی

## حل مشقی سوالات

ان سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. صفائی کیوں ضروری ہے؟

جواب: صفائی ہماری اچھی صحت کے لیے ضروری ہے۔

2. جسم کی صفائی کے لیے کیا کرنا چاہیے؟ جواب: جسم کی صفائی کے لیے روزانہ نہانا چاہیے۔

3. کیا آپ شوق سے پڑھتے ہیں؟ جواب: جی ہاں

4. کیا آپ اپنا ہوم ورک خود سے کرتے ہیں؟

جواب: جی ہاں

---

سبق نمبر: 8

# میرا کمرہ

## حل مشقی سوالات

ان سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. اپنے کمرے کے سامان کا نام لکھیں۔ جواب: پلنگ، الماری، میز، گھڑیال۔

2. کیا آپ اپنے کمرے کو صاف رکھتے ہیں؟ جواب: جی ہاں۔

3. آپ الماری میں کیا رکھتے ہیں؟ جواب: میں الماری میں کپڑے رکھتا ہوں۔

4. کمرے میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ جواب: میرے کمرے میں ایک کھڑکی ہے۔

5. پڑھائی میں آپ کی مدد کون کرتا ہے؟ جواب: میری امی پڑھائی میں مدد کرتی ہیں۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. میرے کمرے میں ایک پلنگ ہے۔
2. میرے کمرے میں ایک الماری ہے۔
3. میرے کمرے کی دیوار پر ایک گھڑیال لگا ہوا ہے۔

4 میں اپنا ہوم ورک خود سے کرتا ہوں۔

حروف کو ملا کر الفاظ بنائیں۔

| حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
|---|---|---|---|
| م ے را | میرا | ک م رہ | کمرہ |
| پ ل ن گ | پلنگ | م ے ز | میز |

آپ اپنے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

1 میرا نام رضا ہے۔

2 میں پانچ سال کا ہوں۔

3 میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔

4 میں روزانہ اسکول جاتا ہوں۔

5 میں روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں۔

درج ذیل سوالات کے ہاں یا نہیں میں جوابات دیجیے۔

1 کیا آپ اچھے بچے ہیں؟ جی ہاں

2 کیا آپ روزانہ جلدی اُٹھتے ہیں؟ جی ہاں

3 کیا آپ روزانہ نہاتے ہیں؟ جی ہاں

4 کیا آپ روزانہ وقت پر اسکول جاتے ہیں؟ جی ہاں

5 کیا آپ روزانہ اپنا ہوم ورک کرتے ہیں؟ جی ہاں

6 کیا آپ اپنے اساتذہ کی عزت کرتے ہیں؟ جی نہیں

7 کیا آپ اپنے بہن بھائیوں سے لڑتے ہیں؟ جی نہیں

8 کیا آپ جانوروں کو مارتے ہیں؟ جی نہیں

مذکر سے مؤنث بنائیں، مثلاً دادا سے دادی

| مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|---|---|---|
| بکرا | بکری | بیل | گائے | لڑکا | لڑکی |
| گڈا | گڑیا | بھائی | بہن | ابو | امی |

سبق نمبر: 9

# اچھی صحت

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. آپ صبح ناشتے میں کیا کھاتے ہیں؟ جواب: ناشتے میں انڈا اور پراٹھا کھاتا ہوں۔
2. کیا کمرے کو صاف رکھنا چاہیے؟ جواب: جی ہاں۔ کمرے کو صاف رکھنا چاہیے۔
3. آپ دن میں کتنے گلاس پانی پیتے ہیں؟ جواب: میں دن میں آٹھ گلاس پانی پیتا ہوں۔
4. کیا ہمیں گولیاں اور ٹافیاں زیادہ کھانی چاہییں؟

جواب: جی نہیں ہمیں گولیاں اور ٹافیاں زیادہ نہیں کھانی چاہییں۔

5. کیا پانی ضروری غذا ہے؟ جواب: جی ہاں پانی ضروری غذا ہے۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. اچھی صحت کے لیے بہت سی باتیں نہایت ضروری ہیں۔
2. اچھی صحت کے لیے اچھی غذا بہت ضروری ہے۔
3. جسم میں پانی کی ایک خاص مقدار کا ہونا نہایت ضروری ہے۔
4. بازار میں ملنے والی گولیاں اور ٹافیاں کھانے سے پرہیز کریں۔

حروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیں۔

| حروف | ص ح ت | ب ا ز ا ر | ص ا ف | ب ہ ت |
|---|---|---|---|---|
| الفاظ | صحت | بازار | صاف | بہت |

صفائی کے بارے میں چار جملے لکھیں۔

1. صفائی رکھنا اچھی بات ہے۔
2. صفائی نصف ایمان ہے۔
3. صفائی سے ہم تندرست رہتے ہیں۔
4. صفائی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔

سبق نمبر: 10

# میرا اسکول

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. آپ کے اسکول کا کیا نام ہے؟ جواب: میرے اسکول کا نام دی سٹی اسکول ہے۔
2. آپ کے اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟

جواب: میرے اسکول میں دس کمرے ہیں۔

3. آپ کی جماعت میں کتنے بچے پڑھتے ہیں؟

جواب: میری جماعت میں پندرہ بچے ہیں۔

4. کیا آپ کی جماعت میں دیواروں پر تصاویر اور چارٹ لگے ہوئے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

5. کیا آپ کے اسکول میں پارک ہے؟ جواب: جی ہاں۔

ان لفظوں کے حروف الگ الگ کریں، مثلاً جماعت: ج م ا ع ت

| الفاظ | حروف | الفاظ | حروف |
|---|---|---|---|
| اسکول | اس ک و ل | بستہ | ب س ت ہ |
| استاد | اس ت ا د | الماری | ا ل م ا ر ی |
| کتاب | ک ت ا ب | درخت | د ر خ ت |
| پارک | پ ا ر ک | چارٹ | چ ا ر ٹ |

نیچے دی گئی جگہ پر اپنے اسکول کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

1. میرا اسکول بہت اچھا اور صاف ستھرا ہے۔
2. میرے اسکول میں دس کمرے ہیں۔
3. میرے اسکول میں ایک پارک ہے۔

سبق نمبر: 11

# ہمارا گھر

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. آپ کا گھر کہاں واقع ہے؟ جواب: میرا گھر شاہی بازار میں واقع ہے۔
2. آپ کے گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ جواب: میرے گھر میں چار کمرے ہیں۔
3. آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟

جواب: میرے گھر میں والدین، دادا، دادی اور بہن بھائی رہتے ہیں۔

4. کیا آپ کے گھر میں پودے ہیں؟ جواب: جی ہاں۔
5. کیا آپ گھر کی صفائی میں اپنی امی کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

خالی جگہیں پر کریں۔

1. گھر میں داخل ہونے کے لیے ایک بہت بڑا دروازہ ہے۔
2. میرے دادا کو پودوں سے بہت محبت ہے۔
3. ہمارے گھر میں ایک گائے اور دو بکریاں بھی ہیں۔
4. ہمارے گھر میں چار بڑے کمرے ہیں۔
5. ہماری امی ہمارے اسکول کے ہوم ورک میں ہماری مدد کرتی ہے۔

درج ذیل حروف جوڑ کر الفاظ بنائیں، مثلاً خ ال ہ = خالہ

| حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
|---|---|---|---|
| پ ی ار | پیار | ک م رے | کمرے |
| دا خ ل | داخل | ک ہ ان ی | کہانی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہ م ا ر ا گ ھ ر | ہمارا گھر | کھ ا ن ا | کھانا |
| ص ح ن | صحن | کھ ل و ن ے | کھلونے |
| پھ و ل | پھول | گ ا ء ے | گائے |

اپنے گھر کے بارے میں چار جملے لکھیں۔

1. میرا گھر بہت اچھا ہے۔
2. میرے گھر میں چار کمرے ہیں۔
3. میرے گھر میں ایک بڑا صحن ہے۔
4. میں اپنا گھر صاف ستھرا رکھتا ہوں۔

○○○○○○○○○○

سبق نمبر: 12

# یہ کون ہے؟

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. کیا ہاتھی سب سے بڑا جانور ہے؟ جواب: جی ہاں۔
2. بطخ کہاں تیرتی ہے؟ جواب: بطخ پانی میں تیرتی ہے۔
3. بلی کیا کھاتی ہے؟ جواب: بلی چوہے کھاتی ہے۔
4. ریچھ کہاں رہتا ہے؟ جواب: ریچھ جنگل میں رہتا ہے۔
5. مرغی کیا دیتی ہے؟ جواب: مرغی انڈے دیتی ہے۔


خالی جگہیں پر کریں۔


1. مرغی <u>انڈے</u> دیتی ہے۔
2. <u>بطخ</u> پانی میں تیرتی ہے۔
3. <u>ہاتھی</u> بہت بڑا جانور ہے۔


حروف جوڑ کر الفاظ بنائیں۔

| حروف | ب ط خ | ج ان ور | م رغ ی | ان ڈے |
|---|---|---|---|---|
| الفاظ | بطخ | جانور | مرغی | انڈے |

تصویر میں موجود جانور کا نیچے نام لکھیں۔


ہاتھی


ریچھ


بطخ


بلی

## سبق نمبر: 13

# اچھا بچہ

## حل مشقی سوالات

خالی جگہوں کو پر کریں۔

1. احمد بہت اچھا اور پیارا بچہ ہے۔
2. احمد صبح سویرے اٹھتا ہے۔
3. احمد روزانہ نماز پڑھتا ہے۔
4. احمد باقاعدگی سے اسکول جاتا ہے۔
5. احمد سب گھر والوں کو سلام کرتا ہے۔

نیچے دیے گئے جملوں کے سامنے صحیح یا غلط لکھیں۔

1. احمد ایک بہت اچھا اور پیارا بچہ ہے۔ صحیح
2. اچھے بچے وقت کی پابندی کرتے ہیں۔ صحیح
3. اچھے بچے کسی کا کہنا نہیں مانتے۔ غلط
4. اچھے بچے ہر وقت لڑتے ہیں۔ غلط

سبق کو دھیان سے پڑھیں اور احمد کے تین اچھے کام لکھیں۔

1. احمد صبح سویرے اٹھتا ہے۔
2. احمد با قاعدگی سے اسکول جاتا ہے۔
3. احمد سب گھر والوں کو سلام کرتا ہے۔

مثال کے مطابق الفاظ کے جوڑ کو ان کے توڑ سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| وضو | ن م از |
| نماز | دع اء ی ں |
| پہن | وض و |
| بستہ | پ ہ ن |
| دعائیں | ب س ت ہ |

سبق نمبر: 14

# یہ کون ہے؟

## حل مشقی سوالات

مثال کے مطابق تصویر کو حرف سے ملائیں۔









محمد علی

استانی

ڈاکیا

دوکاندار

سبق نمبر: 15

# طالب علم

## حل مشقی سوالات

حروف جوڑیئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ط ا ل ب ع ل م | طالب علم | 2 | ا س ت ا د | استاد |
| 3 | ا چ ھ ا ل ڑ ک ا | اچھالڑکا | 4 | م ل ک | ملک |

سبق نمبر: 16

# باغ کی سیر

## حل مشقی سوالات

ان سوالات کے جوابات دیں۔

1. میں چھٹی کے دن دوستوں کے ہمراہ کہاں جاتا ہوں؟

جواب: میں چھٹی کے دن دوستوں کے ہمراہ باغ میں چہل قدمی کے لیے جاتا ہوں۔

2. کھانے پینے کی چیزیں کہاں نہیں پھینکنی چاہییں؟

جواب: کھانے پینے کی چیزیں باغ میں نہیں پھینکنی چاہییں۔

3. باغ میں بیکار چیزیں کہاں ڈالتے ہیں؟

جواب: باغ میں بیکار چیزیں کچرادان میں ڈالتے ہیں۔

ان الفاظ کے حروف الگ کر کے لکھیں۔

| الفاظ | حروف | الفاظ | حروف |
|---|---|---|---|
| سیر | س ی ر | خوبصورت | خ و ب ص و ر ت |
| پودے | پ و د ے | درخت | د ر خ ت |
| باغ | ب ا غ | اچھی | ا چ ھ ی |

خالی جگہیں پر کریں۔

1. میں روزانہ صبح اس باغ میں چہل قدمی کے لیے جاتا ہوں۔
2. ہم سب دوست ہری ہری گھاس پر بیٹھ کر اچھی اچھی باتیں کرتے ہیں۔
3. باغ میں کچرا نہ پھیلائیں۔
4. اس باغ میں بہت سے درخت ہیں۔
5. جہاں ہم سب دوست باری باری جھولے جھولتے ہیں۔

---

سبق نمبر: 17

# جانور

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. پالتو جانور کون سے ہیں؟

جواب: گائے، بھیڑ، بکری، بلی اور کتا پالتو جانور ہیں۔

2. کون سے جانور سواری کے کام آتے ہیں؟

جواب: اونٹ، گھوڑا، گدھا سواری کے کام آتے ہیں۔

3. کون سے جانوروں کا ہم گوشت کھاتے ہیں؟

جواب: ہم گائے بکری کا گوشت کھاتے ہیں۔

4. شیر، چیتا، بھیڑیا کیا کھاتے ہیں؟

جواب: شیر، چیتا، بھیڑیا جنگل کے چھوٹے جانوروں کا کھاتے ہیں۔

5. کیا اونٹنی کا گوشت کھایا جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

ان الفاظ کی جمع لکھیں۔ مثلاً پرندہ سے پرندے

| الفاظ | جمع | الفاظ | جمع | الفاظ | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| مرغ | مرغے | گدھا | گدھے | بکرا | بکرے |
| طوطا | طوطے | گھوڑا | گھوڑے | بھیڑیا | بھیڑیے |

ان الفاظ کو توڑ کر حروف الگ کر کے لکھیں۔

| الفاظ | حروف | الفاظ | حروف |
|---|---|---|---|
| گائے | گ ا ء ے | اونٹ | او ن ٹ |
| بکری | ب ک ر ی | سواری | س و ا ر ی |
| جانور | ج ا ن و ر | جنگل | ج ن گ ل |

---

سبق نمبر: 18

# سورج، چاند، ستارے

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. سورج کس سمت سے نکلتا ہے؟ جواب: سورج مشرق سے نکلتا ہے۔
2. سورج کی روشنی کیسی ہوتی ہے؟ جواب: سورج کی روشنی بہت گرم ہوتی ہے۔
3. سورج کس سمت میں غروب ہوتا ہے؟ جواب: سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
4. کیا تمام جاندار سورج کی روشنی کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں؟

جواب: جی نہیں۔

5. چاند کی روشنی کیسی ہوتی ہے؟

جواب: چاند کی روشنی بہت دھیمی اور ٹھنڈی ہوتی ہے۔

ان الفاظ کو توڑ کر حروف الگ کر کے لکھیں۔

| الفاظ | حروف | الفاظ | حروف |
|---|---|---|---|
| نعمت | ن ع م ت | مغرب | م غ ر ب |
| دھوپ | دھ و پ | روشنی | رو ش ن ی |

خالی جگہیں پر کریں۔

1. سورج مشرق سے نکلتا ہے۔
2. سورج کی روشنی بہت گرم ہوتی ہے۔
3. رات کو آسمان پر چاند چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔
4. چاند کی روشنی بہت دھیمی اور ٹھنڈی ہوتی ہے۔

درج ذیل کے ہاں اور نہیں میں جواب لکھیں۔

1. سورج کی روشنی ٹھنڈی ہوتی ہے۔ جی نہیں
2. سورج کی روشنی بہت تیز ہوتی ہے۔ جی ہاں
3. جب سورج غروب ہوتا ہے تو رات ہوتی ہے۔ جی ہاں
4. چاند کی روشنی کو چاندنی کہتے ہیں۔ جی ہاں
5. دن میں آسمان پر ستارے چمکتے ہیں۔ جی نہیں

واحد الفاظ کو اس کی جمع سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| پرندہ | راتیں |
| نعمت | ستارے |
| ستارہ | پرندے |
| رات | نعمتیں |

سورج، چانداورستاروں کے بارے میں کوئی سے پانچ جملے لکھیں۔

1. سورج مشرق سے نکلتا ہے۔
2. سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
3. چاند کی روشنی ٹھنڈی ہوتی ہے۔
4. چاند کی روشنی کو چاندنی کہتے ہیں۔
5. ستاروں سے آسمان کا منظر نہایت خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔

---

سبق نمبر: 19

# ہماراوطن

## حل مشقی سوالات

درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1. پاکستان کب قائم ہوا؟

جواب: پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔

2. ہم پاکستان کی سالگرہ کس تاریخ کو مناتے ہیں۔

جواب: ہم پاکستان کی سالگرہ 14 اگست کو مناتے ہیں۔

3. پاکستان کس کی کوششوں سے بنا؟

جواب: پاکستان قائداعظم کی کوششوں سے بنا۔

درج ذیل کے ہاں اورنہیں میں جواب لکھیں۔

1. ہمارے پیارے وطن کا نام چین ہے۔ جی نہیں
2. یہ ملک قائداعظم محمد علی جناح کی کوششوں سے بنا۔ جی ہاں
3. ہم ہر سال 18 اگست کو پاکستان کی سالگرہ مناتے ہیں۔ جی نہیں
4. پاکستانی اپنے گھروں کو پاکستانی پرچموں سے سجاتے ہیں۔ جی ہاں

نیچے دی گئی جگہ پراستاد کی مدد سے اپنے ملک پر دو جملے لکھیں۔

1. ہمارے ملک کا نام پاکستان ہے۔
2. پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا۔


خالی جگہوں کو پر کریں۔

1. ہمارے پیارے وطن کا نام <u>پاکستان</u> ہے۔
2. پاکستان <u>14</u> اگست 1947ء کو قائم ہوا۔
3. پاکستان <u>قائداعظم</u> کی کوششوں سے بنا۔
4. پاکستان کے جھنڈے کا رنگ <u>ہرا</u> اور <u>سفید</u> ہے۔

درج ذیل الفاظ کے حروف کو الگ الگ لکھیں۔ مثلاً: ملک = م ل ک

| الفاظ | حروف | الفاظ | حروف |
|---|---|---|---|
| پاکستان | پ ا ک س ت ا ن | جھنڈا | جھ ن ڈ ا |
| وطن | و ط ن | سبز | س ب ز |
| اگست | ا گ س ت | سفید | س ف ی د |

رنگ بھریں۔



نوٹ: طلبہ اس جھنڈے کو خود رنگ بھریں۔

# ایک کہانی

## حل مشقی سوالات

### خالی جگہیں پر کریں۔

1. ایک بلی نے ایک __مرغ__ کو پکڑ لیا۔
2. بلی نے کہا تو بہت __برا__ ہے۔
3. یہ کہہ کر __بلی__ نے مرغے کو مار ڈالا۔
4. __کتا__ بھاگ کر آیا اور اس نے بلی کو مار ڈالا۔

### حروف جوڑیئے اور لفظ مکمل کیجیے۔

| حروف | الفاظ | حروف | الفاظ | حروف | الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| م ر غ ا | مرغا | ش و ر | شور | ک ت ا | کتا |
| ب ل ی | بلی | ج گ ا ن ا | جگانا | م ا ر ن ا | مارنا |

### تصویروں میں رنگ بھریئے۔

